1) انسان جو بولتا ہے اسے کیا کہتے ہیں؟
1۔ مہمل　2۔ موضوع　3۔ لفظ ✿　4۔ مستعمل

2) مہمل کی مثال ہے:
1۔ زَیْدٌ　2۔ دَیْزٌ ✿　3۔ بَکْرٌ　4۔ خالد

3) جو لفظ با معنی ہو اسے کیا کہتے ہیں؟
1۔ مہمل　2۔ موضوع　3۔ مستعمل　4۔ آخری دونوں ✿

4) جو لفظ بے معنی ہو اسے کیا کہتے ہیں؟
1۔ مہمل ✿　2۔ موضوع　3۔ مستعمل　4۔ آخری دونوں

5) اکیلے موضوع لفظ کو کیا کہتے ہیں؟
1۔ مہمل　2۔ مفرد ✿　3۔ کلمہ　4۔ مرکب

6) مفرد کی مثال ہے:
1۔ جَبَلٌ ✿　2۔ لَیلَۃ القدر　3۔ البستان جمیل　4۔ انصر زیدا

7) ایک سے زائد موضوع الفاظ کے مجموعے کو کیا کہتے ہیں؟
1۔ مفرد　2۔ کلمہ　3۔ مستعمل　4۔ مرکب ✿

8) جس مرکب میں بات مکمل نہ ہو اسے کیا کہتے ہیں؟
1۔ کلمہ　2۔ مرکب تام　3۔ جملہ　4۔ مرکب غیر مفید ✿

9) جس مرکب میں بات مکمل ہو جائے اسے کیا کہتے ہیں؟
1۔ مرکب تام ✿　2۔ جملہ اسمیہ　3۔ مرکب ناقص　4۔ مرکب غیر مفید

10) مرکب تام کی مثال ہے:
1۔ ماء البحر　2۔ ولد صغیر　3۔ لیلۃ القدر　4۔ لاتکذب ✿

11) مرکب تام کو کیا کہتے ہیں؟
1۔ مرکب ناقص　2۔ جملہ　3۔ کلام　4۔ آخری دونوں ✿

12) جملہ اسمیہ کی مثال ہے:
1۔ نصر رجل　2۔ انا کاتب ✿　3۔ انصر　4۔ البستان الجمیل

13) جس جملے کا پہلا جزء فعل ہو اسے کیا کہتے ہیں؟
1۔ جملہ فعلیہ ✿　2۔ جملہ اسمیہ　3۔ جملہ انشائیہ　4۔ جملہ خبریہ

14) جس جملے کا پہلا جزء اسم ہو اسے کیا کہتے ہیں؟

1۔ جملہ فعلیہ　2۔ جملہ اسمیہ ✿　3۔ جملہ انشائیہ　4۔ جملہ خبریہ

15) موضوع لفظ کی کتنی قسمیں ہیں؟

1۔ دو ✿　2۔ چار　3۔ تین　4۔ کوئی نہیں

16) جس جملے کو سچا یا جھوٹا کہا جا سکتا ہو اسے کیا کہتے ہیں؟

1۔ جملہ فعلیہ　2۔ جملہ اسمیہ　3۔ جملہ انشائیہ　4۔ جملہ خبریہ ✿

17) جس جملے کو سچا یا جھوٹا نہ کہا جا سکتا ہو اسے کیا کہتے ہیں؟

1۔ جملہ فعلیہ　2۔ جملہ اسمیہ　3۔ جملہ انشائیہ ✿　4۔ جملہ خبریہ

18) جملہ انشائیہ کی مثال ہے:

1۔ انا کاتب　2۔ نصر رجل　3۔ البستان جمیل　4۔ انصر ✿

19) انا کاتب کون سا جملہ ہے؟

1۔ جملہ فعلیہ　2۔ جملہ اسمیہ ✿　3۔ جملہ انشائیہ　4۔ کوئی نہیں

20) مرکب کی کتنی قسمیں ہیں؟

1۔ دو ✿　2۔ چار　3۔ تین　4۔ کوئی نہیں

21) الحیاء کس کی مثال ہے؟

1۔ مفرد ✿　2۔ مرکب　3۔ جملہ　4۔ کلام

22) کلام کی مثال ہے:

1۔ قلمٌ جمیلٌ　2۔ جملُ زیدٍ　3۔ البستانُ جمیلٌ ✿　4۔ کوئی نہیں

23) جملہ کی مثال ہے:

1۔ قلمٌ جمیلٌ　2۔ جملُ زیدٍ　3۔ بستانٌ جمیلٌ ✿　4۔ کوئی نہیں

24) کلمے کی کتنی قسمیں ہیں؟

1۔ دو　2۔ چار　3۔ تین ✿　4۔ کوئی نہیں

25) جو کلمہ اکیلا اپنا معنی ظاہر کرے اور اس میں کوئی زمانہ بھی پایا جائے اسے کیا کہتے ہیں؟

1۔ حرف　2۔ ماضی　3۔ اسم　4۔ کوئی نہیں ✿

26) جو کلمہ اکیلا اپنا معنی ظاہر کرے اور اس میں کوئی زمانہ نہ پایا جائے اسے کیا کہتے ہیں؟

1۔ حرف　2۔ فعل　3۔ اسم ✿　4۔ کوئی نہیں

27) کون سا کلمہ اکیلا اپنا معنی ظاہر نہیں کرتا؟

1۔ فعل ماضی　2۔ فعل مضارع　3۔ حرف ✿　4۔ لفظ

28) مِن کس کی مثال ہے؟

1۔ حرف ✿ 2۔ فعل 3۔ اسم 4۔ کوئی نہیں

29) زمانے کتنے ہیں؟

1۔ تین ✿ 2۔ چار 3۔ دو 4۔ کوئی نہیں

30) ماضی سے کیا مراد ہے؟

1۔ آئندہ زمانہ 2۔ موجودہ زمانہ 3۔ گزرا ہوا زمانہ ✿ 4۔ تینوں

31) گول تاء کس چیز کی علامت ہے؟

1۔ فعل مضارع 2۔ جامد 3۔ اسم ✿ 4۔ حرف

32) تنوین کس چیز کی علامت ہے؟

1۔ فعل 2۔ جامد 3۔ اسم ✿ 4۔ حرف

33) تنوین ایک کلمے میں کس کے ساتھ جمع نہیں ہو سکتی؟

1۔ الف لام ✿ 2۔ لام 3۔ واؤ 4۔ کوئی نہیں

34) سین کس کی علامت ہے؟

1۔ فعل ماضی 2۔ فعل امر 3۔ فعل ✿ 4۔ کوئی نہیں

35) لاتذھب کس کی مثال ہے؟

1۔ مضارع 2۔ فعل نہی ✿ 3۔ لائے نفی جنس 4۔ لام تاکید

36) اسم اور فعل کی علامات کا نہ پایا جانا کس کی علامت ہے؟

1۔ فعل 2۔ جامد 3۔ اسم 4۔ حرف ✿

37) سوف کس چیز کی علامت ہے؟

1۔ فعل ✿ 2۔ جامد 3۔ اسم 4۔ حرف

38) ماضی، مضارع، امر یا نہی ہونا کس چیز کی علامت ہے؟

1۔ فعل ✿ 2۔ جامد 3۔ اسم 4۔ حرف

39) مستقبل کون سے زمانے کو کہتے ہیں؟

1۔ آئندہ زمانہ ✿ 2۔ موجودہ زمانہ 3۔ گزرا ہوا زمانہ 4۔ تینوں

40) حال کون سے زمانے کو کہتے ہیں؟

1۔ آئندہ زمانہ 2۔ موجودہ زمانہ ✿ 3۔ گزرا ہوا زمانہ 4۔ تینوں

41) جر کا ہونا کس کی علامت ہے؟

1۔ فعل 2۔ جامد 3۔ اسم ✿ 4۔ حرف

42) الف لام کا ہونا کس کی علامت ہے؟

1۔ فعل 2۔ جامد 3۔ اسم ✿ 4۔ حرف

43) جس اسم سے معین چیز سمجھی جائے اسے کیا کہتے ہیں؟

1۔ مذکر 2۔ معرفہ ✿ 3۔ نکرہ 4۔ ضمیر

44) جس اسم سے معین چیز نہ سمجھی جائے اسے کیا کہتے ہیں؟

1۔ مذکر 2۔ معرفہ 3۔ نکرہ ✿ 4۔ ضمیر

45) معرفہ کی کتنی اقسام ہیں؟

1۔ ساٹھ 2۔ سات ✿ 3۔ پانچ 4۔ چھ

46) جو اسم مخاطب، غائب یا متکلم پر دلالت کرے اسے کیا کہتے ہیں؟

1۔ اسم ضمیر 2۔ اسم مضمر 3۔ اسم اشارہ 4۔ پہلے دونوں ✿

47) اسم ضمیر کا دوسرا نام کیا ہے؟

1۔ اسم مضمر ✿ 2۔ اسم مظہر 3۔ اسم ظاہر 4۔ مستتر

48) اسم ضمیر کے علاوہ دیگر اسما کو کیا کہتے ہیں؟

1۔ اسم مضمر 2۔ اسم مظہر 3۔ اسم ظاہر 4۔ آخری دونوں ✿

49) جو اسم کسی خاص شخص، جگہ یا چیز کا نام ہو اسے کیا کہتے ہیں؟

1۔ اسم اشارہ 2۔ اسم نکرہ 3۔ اسم علم ✿ 4۔ مضاف الیہ

50) جس اسم سے کسی چیز کی طرف اشارہ کیا جائے اسے کیا کہتے ہیں؟

1۔ اسم اشارہ ✿ 2۔ اسم نکرہ 3۔ اسم علم 4۔ معرف بالاضافہ

51) جو اسم بعد والے جملے سے مل کر کلام کا جزء بنے اسے کیا کہتے ہیں؟

1۔ اسم موصول ✿ 2۔ صلہ 3۔ صدرِ صلہ 4۔ اسم ضمیر

52) معرف باللام کے شروع میں کیا ہوتا ہے؟

1۔ الف لام ✿ 2۔ لام تعریف 3۔ لام تاکید 4۔ پہلے دونوں

53) جس اسم کے شروع میں حرف ندا ہو اسے کیا کہتے ہیں؟

1۔ مندوب 2۔ معرف بالندا ✿ 3۔ مستثنیٰ 4۔ کوئی نہیں

54) وہ اسم جو معرفہ کی طرف مضاف ہو اسے کیا کہتے ہیں؟

1۔ نکرہ مخصوصہ 2۔ اسم نکرہ 3۔ اسم علم 4۔ معرف بالاضافہ ✿

55) اسم معرفہ کے علاوہ بقیہ تمام اسماء کیا ہوتے ہیں؟

1۔ علم　2۔ نکرہ ✿　3۔ اسم فاعل　4۔ کوئی نہیں

56) جس اسم میں تانیث کی علامت نہ ہو اسے کیا کہتے ہیں؟

1۔ واحد　2۔ جمع　3۔ مذکر ✿　4۔ مؤنث

57) جس اسم میں تانیث کی علامت ہو اسے کیا کہتے ہیں؟

1۔ واحد　2۔ جمع　3۔ مذکر　4۔ مؤنث ✿

58) تانیث کی کتنی علامات ہیں؟

1۔ تین ✿　2۔ دو　3۔ آٹھ　4۔ سات

59) اسم کے آخر میں جس الف کے بعد ہمزہ نہ ہو اسے کیا کہتے ہیں؟

1۔ اسم مقصور ✿　2۔ الف مقصورہ　3۔ الف ممدودہ　4۔ الف تثنیہ

60) اسم کے آخر میں جس الف کے بعد ہمزہ ہو اسے کیا کہتے ہیں؟

1۔ اسم مقصور　2۔ الف مقصورہ　3۔ الف ممدودہ ✿　4۔ الف تثنیہ

61) مؤنث کی کتنی قسمیں ہیں؟

1۔ دو ✿　2۔ آٹھ　3۔ دس　4۔ پانچ

62) الف مقصورہ کس کی علامت ہے؟

1۔ تانیث کی ✿　2۔ تثنیہ کی　3۔ اسم مکسور کی　4۔ مذکر کی

63) الف ممدودہ کس کی علامت ہے؟

1۔ تانیث کی ✿　2۔ تثنیہ کی　3۔ اسم مکسور کی　4۔ مذکر کی

64) جس مؤنث کے مقابلے میں نر جاندار ہو اسے کیا کہتے ہیں؟

1۔ مؤنث لفظی　2۔ مؤنث حقیقی ✿　3۔ مؤنث سماعی　4۔ کوئی نہیں

65) جس مؤنث کے مقابلے میں نر جاندار نہ ہو اسے کیا کہتے ہیں؟

1۔ مؤنث لفظی ✿　2۔ مؤنث حقیقی　3۔ مؤنث سماعی　4۔ کوئی نہیں

66) جن اسماء میں لفظاً علامت تانیث نہیں ہوتی انہیں کیا کہتے ہیں؟

1۔ مؤنث لفظی　2۔ مؤنث حقیقی　3۔ مؤنث سماعی ✿　4۔ کوئی نہیں

67) سبیل، طریق، حال کس طرح استعمال ہوتے ہیں؟

1۔ مؤنث کی طرح　2۔ مذکر کی طرح　3۔ دونوں طرح ✿　4۔ کوئی نہیں

68) جو اسماء مؤنث کے لیے استعمال ہوں وہ کیا ہوتے ہیں؟

1۔ مؤنث ✿ 2۔ مذکر 3۔ دونوں درست 4۔ دونوں غلط

69) جو اسم مذکر کا نام ہو یا مذکر کے لیے بولا جاتا ہو، اس میں اگر علامت تانیث پائی جائے تو وہ کیا کہلائے گا؟

1۔ مذکر ✿ 2۔ مؤنث 3۔ مؤنث لفظی 4۔ مؤنث سماعی

70) تعداد کے لحاظ سے اسم کی کتنی قسمیں ہیں؟

1۔ تین ✿ 2۔ چار 3۔ ایک 4۔ دو

71) جس اسم سے ایک فرد سمجھا جائے اسے کیا کہتے ہیں؟

1۔ تثنیہ 2۔ جمع 3۔ واحد ✿ 4۔ کوئی نہیں

72) جس اسم سے دو افراد سمجھے جائیں اسے کیا کہتے ہیں؟

1۔ تثنیہ ✿ 2۔ جمع 3۔ واحد 4۔ کوئی نہیں

73) جس اسم سے دو سے زائد افراد سمجھے جائیں اسے کیا کہتے ہیں؟

1۔ تثنیہ 2۔ جمع ✿ 3۔ واحد 4۔ کوئی نہیں

74) بنیادی طور پر جمع کی کتنی قسمیں ہیں؟

1۔ دو ✿ 2۔ تین 3۔ چار 4۔ پانچ

75) افراد کے لحاظ سے جمع کی کتنی قسمیں ہیں؟

1۔ تین 2۔ دو ✿ 3۔ چار 4۔ کوئی نہیں

76) جمع سالم کی کتنی قسمیں ہیں؟

1۔ دو ✿ 2۔ تین 3۔ چار 4۔ پانچ

77) جس جمع میں واحد کا صیغہ سلامت ہو اسے کیا کہتے ہیں؟

1۔ جمع تکسیر 2۔ جمع تصحیح ✿ 3۔ جمع مکسر 4۔ کوئی نہیں

78) جس جمع میں واحد کا صیغہ سلامت نہ ہو اسے کیا کہتے ہیں؟

1۔ جمع تصحیح 2۔ جمع تکسیر 3۔ جمع مکسر 4۔ آخری دونوں ✿

79) جو جمع واحد کے آخر میں الف اور تاء بڑھا کر بنائی گئی ہو اسے کیا کہتے ہیں؟

1۔ مؤنث 2۔ جمع مذکر 3۔ جمع مؤنث سالم ✿ 4۔ جمع مکسر

80) واحد اسم کو تثنیہ بنانے کے لیے اس کے آخر میں کیا لگانا پڑتا ہے؟

1۔ وْنَ 2۔ اتِ 3۔ انِ/یْنِ ✿ 4۔ کوئی نہیں

81) جمع قلت کے کتنے اوزان ہیں؟

1۔ چھ ✿ 2۔ دس 3۔ گیارہ 4۔ پانچ

82) جمع کثرت کے کتنے اوزان ہیں؟

1۔ دس　2۔ پانچ　3۔ کئی ✿　4۔ چھ

83) جو اسم جمع نہ ہو مگر جمع کا معنی دے اسے کیا کہتے ہیں؟

1۔ جمع سالم　2۔ جمع مکسر　3۔ اسم جمع ✿　4۔ کوئی نہیں

84) واحد اسم کو جمع مؤنث سالم بنانے کے لیے اس کے آخر میں کیا لگانا پڑتا ہے؟

1۔ وْنَ　2۔ اٌتٌ، اتٍ ✿　3۔ انِ/یْنِ　4۔ کوئی نہیں

85) رھط، قوم کس کی مثال ہے؟

1۔ جمع کی　2۔ جمع مذکر سالم کی　3۔ اسم جمع کی ✿　4۔ کوئی نہیں

86) جس مرکب ناقص میں ایک اسم کی نسبت دوسرے اسم کی طرف ہو اسے کیا کہتے ہیں؟

1۔ مرکب اضافی ✿　2۔ مرکب توصیفی　3۔ مرکب بنائی　4۔ کوئی نہیں

87) مرکب اضافی میں پہلے اسم کو کیا کہتے ہیں؟

1۔ موصوف　2۔ صفت　3۔ مضاف ✿　4۔ مضاف الیہ

88) مرکب اضافی میں دوسرے اسم کو کیا کہتے ہیں؟

1۔ موصوف　2۔ صفت　3۔ مضاف　4۔ مضاف الیہ ✿

89) مضاف پر تنوین آسکتی ہے۔۔

1۔ کبھی نہیں ✿　2۔ کبھی کبھار　3۔ ہمیشہ　4۔ ان میں سے کوئی نہیں

90) مضاف اگر تثنیہ یا جمع مذکر سالم کا صیغہ ہو تو کیا گر جاتا ہے؟

1۔ نون تثنیہ　2۔ نون جمع　3۔ دونوں ✿　4۔ کوئی نہیں

91) مضاف کا اعراب کیا ہوتا ہے؟

1۔ رفع　2۔ نصب　3۔ جر　4۔ بدلتا رہتا ہے ✿

92) مضاف الیہ کا اعراب کیا ہوتا ہے؟

1۔ رفع　2۔ نصب　3۔ جر ✿　4۔ بدلتا رہتا ہے

93) جو نکرہ دوسرے نکرہ کی طرف مضاف ہو وہ کیا بن جاتا ہے؟

1۔ معرفہ　2۔ نکرہ　3۔ نکرہ موصوفہ　4۔ نکرہ مخصوصہ ✿

94) مرکب اضافی کے اردو ترجمے میں پہلے کیا آتا ہے؟

1۔ مضاف　2۔ مضاف الیہ ✿　3۔ موصوف　4۔ صفت

95) جس مرکب ناقص کا دوسرا جز پہلے جز کی صفت بیان کرے اسے کیا کہتے ہیں؟

1۔ مضاف 2۔ مضاف الیہ 3۔ موصوف 4۔ مرکب توصیفی ✿

96) مرکب توصیفی میں پہلے جز کو کیا کہتے ہیں؟

1۔ موصوف ✿ 2۔ صفت 3۔ مضاف 4۔ مضاف الیہ

97) مرکب توصیفی میں دوسرے جز کو کیا کہتے ہیں؟

1۔ موصوف 2۔ صفت ✿ 3۔ مضاف 4۔ مضاف الیہ

98) مرکب توصیفی کے اردو ترجمے میں پہلے کیا آتا ہے؟

1۔ مضاف 2۔ مضاف الیہ 3۔ موصوف 4۔ صفت ✿

99) صفت اگر جملہ ہو تو اس میں موصوف کے مطابق کیا ہونا ضروری ہے؟

1۔ ضمیر ✿ 2۔ اسم اشارہ 3۔ صلہ 4۔ کوئی نہیں

100) صفت اگر مفرد ہو تو کتنی چیزوں میں اس کا موصوف کے مطابق ہونا ضروری ہے؟

1۔ پانچ 2۔ سات 3۔ دس ✿ 4۔ کوئی نہیں

101) صفت اگر مفرد ہو تو دس چیزوں میں اس کا کس کے مطابق ہونا ضروری ہے؟

1۔ موصوف ✿ 2۔ مضاف 3۔ مضاف الیہ 4۔ کوئی نہیں

102) موصوف کس کی جمع مکسر ہو تو اس کی صفت واحد مؤنث یا جمع مؤنث آتی ہے؟

1۔ غیر عاقل کی 2۔ مؤنث عاقل کی 3۔ دونوں کی ✿ 4۔ کوئی نہیں

103) موصوف غیر عاقل کی کی جمع مکسر ہو تو اس کی صفت کیسے آتی ہے؟

1۔ واحد مؤنث 2۔ جمع مؤنث 3۔ دونوں ✿ 4۔ دونوں نہیں

104) موصوف مؤنث عاقل کی کی جمع مکسر ہو تو اس کی صفت کیسے آتی ہے؟

1۔ واحد مؤنث 2۔ جمع مؤنث 3۔ دونوں ✿ 4۔ دونوں نہیں

105) موصوف مذکر عاقل کی کی جمع مکسر ہو تو اس کی صفت کیسے آتی ہے؟

1۔ واحد مؤنث 2۔ جمع مذکر 3۔ دونوں ✿ 4۔ دونوں نہیں

106) موصوف کس کی جمع مکسر ہو تو اس کی صفت واحد مؤنث یا جمع مذکر آتی ہے؟

1۔ مذکر عاقل کی ✿ 2۔ مؤنث عاقل کی 3۔ دونوں کی 4۔ کوئی نہیں

107) مرکب ناقص کی کتنی قسمیں ہیں؟

1۔ دو 2۔ تین 3۔ چار ✿ 4۔ کوئی نہیں

108) جس مرکب ناقص کو ملا کر ایک کلمہ بنا دیا گیا ہو اور دوسرا اجزء کسی حرف کو شامل ہو اسے کیا کہتے ہیں؟

1۔ مرکب اضافی 2۔ مرکب بنائی 3۔ مرکب تعدادی 4۔ آخری دونوں ✿

109) جس مرکب ناقص کو ملا کر ایک کلمہ بنا دیا گیا ہو اور دوسرا اجزء کسی حرف کو شامل نہ ہو اسے کیا کہتے ہیں؟

1۔ مرکب توصیفی 2۔ مرکب منع صرف 3۔ مرکب مزجی 4۔ آخری دونوں ✿

110) جس اسم کی طرف فعل معروف کی اسناد ہو اسے کیا کہتے ہیں؟

1۔ فاعل ✿ 2۔ مفعول 3۔ اسم فاعل 4۔ اسم مفعول

111) جس اسم کی طرف فعل مجہول کی اسناد ہو اسے کیا کہتے ہیں؟

1۔ فاعل 2۔ نائب الفاعل ✿ 3۔ اسم فاعل 4۔ اسم مفعول

112) فاعل اور نائب فاعل کا اعراب ہمیشہ کیا ہوتا ہے؟

1۔ رفع ✿ 2۔ نصب 3۔ جر 4۔ بدلتا رہتا ہے

113) فاعل یا نائب فاعل کا فعل ہمیشہ واحد کب آئے گا؟

1۔ جب اسم ظاہر ہو ✿ 2۔ جب اسم ضمیر ہو 3۔ جب مذکر ہو 4۔ جب مؤنث ہو

114) فاعل یا نائب فاعل اسم ظاہر ہو تو فعل کیسا آتا ہے؟

1۔ ہمیشہ واحد ✿ 2۔ فاعل کے مطابق 3۔ نائب فاعل کے مطابق 4۔ آخری دونوں

115) فاعل یا نائب فاعل کے فعل کو مذکر اور مؤنث دونوں طرح کب لا سکتے ہیں؟

1۔ مؤنث لفظی ہو 2۔ اسم جمع ہو 3۔ جمع مکسر ہو 4۔ تینوں درست ✿

116) فاعل یا نائب فاعل اسم ضمیر ہو تو فعل کیسا آتا ہے؟

1۔ مرجع کے مطابق ✿ 2۔ ہمیشہ واحد 3۔ ہمیشہ جمع 4۔ کوئی نہیں

117) مفعول عموما کہاں آتا ہے؟

1۔ فعل سے پہلے 2۔ فعل کے بعد 3۔ فاعل کے بعد 4۔ دونوں کے بعد ✿

118) جملہ اسمیہ کے پہلے جز کو کیا کہتے ہیں؟

1۔ مبتدا 2۔ مسند الیہ 3۔ خبر 4۔ پہلے دونوں ✿

119) جملہ اسمیہ کے دوسرے جز کو کیا کہتے ہیں؟

1۔ مبتدا 2۔ مسند 3۔ خبر 4۔ آخری دونوں ✿

120) مبتدا ہوتا ہے۔۔۔

1۔ معرفہ 2۔ نکرہ مخصوصہ 3۔ نکرہ 4۔ پہلے دونوں ✿

121) خبر ہوتی ہے۔۔۔

1۔ عموما نکرہ ✿ 2۔ ہمیشہ نکرہ 3۔ معرفہ 4۔ کوئی نہیں

122) خبر اگر معرف باللام ہو تو مبتدا اور خبر کے درمیان کیا آتا ہے؟

1۔ ضمیر ✿ 2۔ اسم مظہر 3۔ کچھ نہیں 4۔ پہلے دونوں

123) مبتدا اور خبر کا اعراب کیا ہوتا ہے؟

1۔ رفع ✿ 2۔ نصب 3۔ جر 4۔ بدلتا رہتا ہے

124) مبتدا کی خبر واحد مؤنث یا جمع مذکر آتی ہے جب مبتدا ہو۔۔۔

1۔ مذکر عاقل کی جمع مکسر 2۔ مؤنث عاقل کی جمع مکسر 3۔ غیر عاقل کی جمع مکسر 4۔ آخری دونوں ✿

125) مبتدا کی خبر واحد مؤنث یا جمع مؤنث آتی ہے جب مبتدا ہو۔۔۔

1۔ مذکر عاقل کی جمع مکسر 2۔ مؤنث عاقل کی جمع مکسر 3۔ غیر عاقل کی جمع مکسر 4۔ آخری دونوں ✿

126) خبر اگر جار مجرور ہو تو وہ کس کے متعلق ہوتی ہے؟

1۔ فعل یا شبہ فعل ✿ 2۔ اسم فاعل 3۔ مبتدا 4۔ کوئی نہیں

127) خبر اگر جملہ ہو تو اس میں کیا ہونا ضروری ہے؟

1۔ ضمیر ✿ 2۔ عائد 3۔ صلہ 4۔ صدر صلہ

128) خبر کا واحد، تثنیہ، جمع اور مذکر مؤنث ہونے میں مبتدا کے مطابق ہونا کب ضروری ہے؟

1۔ جب مفرد ہو ✿ 2۔ جب مرکب ہو 3۔ جب جار مجرور ہو 4۔ جب جملہ ہو

129) خبر کس طرح آسکتی ہے؟

1۔ مفرد 2۔ جملہ 3۔ جار مجرور 4۔ تینوں طرح ✿

130) جملہ انشائیہ کے علاوہ ہر جملہ ہوتا ہے۔۔۔

1۔ فعلیہ 2۔ خبریہ ✿ 3۔ اسمیہ 4۔ کوئی نہیں

131) سبق میں جملہ انشائیہ کی کتنی اقسام بیان کی گئی ہیں؟

1۔ دو 2۔ تین 3۔ آٹھ ✿ 4۔ سات

132) جس جملے میں کسی کام کا حکم دیا گیا ہو اسے کیا کہتے ہیں؟

1۔ نہی 2۔ امر ✿ 3۔ مامور 4۔ مامور بہ

133) جس جملے میں کسی کام سے روکا گیا ہو اسے کیا کہتے ہیں؟

1۔ امر 2۔ نہی ✿ 3۔ منہی عنہ 4۔ ممنوع

134) جس جملے میں سوال کیا گیا ہو اسے کیا کہتے ہیں؟

1۔ تمنی 2۔ ترجی 3۔ استفہام ✿ 4۔ دعا

135) جس جملے میں کوئی آرزو کی گئی ہو اسے کیا کہتے ہیں؟

1۔ ترجی 2۔ دعا 3۔ تمنی ✿ 4۔ نہی

136) جس جملے میں کوئی عقد کیا جائے اسے کیا کہتے ہیں؟

1۔وعدہ　　2۔عہد　　3۔دعا　　4۔عقود ✿

137) جس جملے میں قسم کھائی گئی ہو اسے کیا کہتے ہیں؟

1۔جواب قسم　　2۔دعا　　3۔تمنی　　4۔قسم ✿

138) جس جملے میں دعا کی گئی ہو اسے کیا کہتے ہیں؟

1۔تمنی　　2۔ترجی　　3۔دعا ✿　　4۔قسم

139) وہ جملہ جس میں کوئی امید ہو اسے کیا کہتے ہیں؟

1۔امید　　2۔ترجی ✿　　3۔تمنی　　4۔قسم

140) جو حروف اسم پر داخل ہو کر انہیں جر دیں انہیں کیا کہتے ہیں؟

1۔حروف جارہ ✿　　2۔مجرور　　3۔حروف مشبہ بالفعل　　4۔حروف شرط

141) حروف جارہ کتنے ہیں؟

1۔دس　　2۔چھ　　3۔سترہ ✿　　4۔بیس

142) حرف جر اور اس کے بعد والے اسم کو کیا کہتے ہیں؟

1۔جار مجرور ✿　　2۔　　3۔　　4۔

143) جار مجرور جس کے متعلِق ہوتے ہیں اسے کیا کہتے ہیں؟

1۔متعلَّق ✿　　2۔تعلق　　3۔مفعول　　4۔کوئی نہیں

144) جار مجرور کا متعلق لفظوں میں موجود ہو تو جار مجرور کو کیا کہتے ہیں؟

1۔ظرف لغو ✿　　2۔ظرف مستقر　　3۔ظرف مکان　　4۔ظرف زمان

145) جار مجرور کا متعلق لفظوں میں موجود نہ ہو تو جار مجرور کو کیا کہتے ہیں؟

1۔ظرف لغو　　2۔ظرف مستقر ✿　　3۔ظرف مکان　　4۔ظرف زمان

146) جس اسم کا آخر عامل کی وجہ سے بدل جائے اسے کیا کہتے ہیں؟

1۔معرب　　2۔اسم متمکن　　3۔دونوں ✿　　4۔کوئی نہیں

147) جس اسم کا آخر عامل کی وجہ سے نہ بدلے اسے کیا کہتے ہیں؟

1۔مبنی　　2۔غیر متمکن　　3۔دونوں ✿　　4۔کوئی نہیں

148) جس چیز کی وجہ سے معرب میں فاعل مفعول یا مضاف الیہ ہونے کی صفت پیدا ہو اسے کیا کہتے ہیں؟

1۔معرب　　2۔مبنی　　3۔عامل ✿　　4۔معمول

149) عامل کی وجہ سے جس معرب میں فاعل مفعول یا مضاف الیہ ہونے کی صفت پیدا ہو اسے کیا کہتے ہیں؟

1۔ معمول ✿ 2۔ عامل 3۔ مبنی 4۔ مفعول

150) جس حرکت یا حرف سے معرب کا آخر بدلتا ہے اسے کیا کہتے ہیں؟

1۔ لفظ 2۔ اعراب ✿ 3۔ کلمہ 4۔ کوئی نہیں

151) معرب کا اعراب کس ذریعے سے بدلتا ہے؟

1۔ حرف کے ذریعے 2۔ حرکت کے ذریعے 3۔ دونوں درست ✿ 4۔ دونوں غلط

152) جو اعراب پڑھنے میں آئے اسے کیا کہتے ہیں؟

1۔ اعراب لفظی ✿ 2۔ اعراب تقدیری 3۔ اعراب حقیقی 4۔ اعراب سماعی

153) جو اعراب پڑھنے میں نہ آئے اسے کیا کہتے ہیں؟

1۔ اعراب لفظی 2۔ اعراب تقدیری ✿ 3۔ اعراب حقیقی 4۔ اعراب سماعی

154) اعراب اگر حرف کے ذریعے بدلے تو اس اعراب کو کیا کہتے ہیں؟

1۔ اعراب بالحرف ✿ 2۔ اعراب بالحرکت 3۔ اعراب لفظی 4۔ اعراب تقدیری

155) اعراب اگر حرکت کے ذریعے بدلے تو اس اعراب کو کیا کہتے ہیں؟

1۔ اعراب بالحرف 2۔ اعراب بالحرکت ✿ 3۔ اعراب لفظی 4۔ اعراب تقدیری

156) کتنی چیزوں کا عامل معنوی ہوتا ہے؟

1۔ چار 2۔ تین ✿ 3۔ دو 4۔ پانچ

157) کس کس چیز کا عامل معنوی ہوتا ہے؟

1۔ مبتدا 2۔ مبتدا کی خبر 3۔ فعل مضارع مرفوع 4۔ ان سب کا ✿

158) مبتدا، مبتدا کی خبر اور فعل مضارع مرفوع کے علاوہ بقیہ تمام معمولات کا عامل کیا ہوتا ہے؟

1۔ معنوی 2۔ لفظی ✿ 3۔ تقدیری 4۔ کوئی نہیں

159) جو عامل پڑھنے میں آئے اسے کیا کہتے ہیں؟

1۔ معنوی 2۔ لفظی ✿ 3۔ تقدیری 4۔ کوئی نہیں

160) جو عامل پڑھنے میں نہ آئے اسے کیا کہتے ہیں؟

1۔ معنوی ✿ 2۔ لفظی 3۔ تقدیری 4۔ کوئی نہیں

161) کتنی قسم کے الفاظ مبنی ہیں؟

1۔ پانچ 2۔ دس 3۔ آٹھ 4۔ چھ ✿

162) فعل ماضی، امر حاضر معروف اور تمام حروف کو کیا کہتے ہیں؟

1۔ مبنی الاصل ✿ 2۔ مشابہ مبنی الاصل 3۔ اسم غیر متمکن 4۔ اسم متمکن

163) کتنی قسم کے الفاظ معرب ہیں؟

1۔ دو ✿ 2۔ دس 3۔ آٹھ 4۔ چھ

164) اسم غیر متمکن کا دوسرا نام کیا ہے؟

1۔ مشابہ مبنی الاصل ✿ 2۔ مبنی الاصل 3۔ معرب 4۔ کوئی نہیں

165) وہ فعل مضارع جو نون ضمیر اور نون تاکید سے خالی ہو وہ کیا ہوتا ہے؟

1۔ مشابہ مبنی الاصل 2۔ مبنی الاصل 3۔ معرب ✿ 4۔ کوئی نہیں

166) وہ فعل مضارع جس میں نون ضمیر اور نون تاکید ہو وہ کیا ہوتا ہے؟

1۔ مشابہ مبنی الاصل 2۔ مبنی الاصل 3۔ معرب 4۔ مبنی ✿

167) جملہ کیا ہوتا ہے؟

1۔ مشابہ مبنی الاصل 2۔ مبنی الاصل 3۔ معرب 4۔ مبنی ✿

168) سبق میں اسم غیر متمکن کی کتنی اقسام دی گئی ہیں؟

1۔ دو 2۔ دس 3۔ آٹھ ✿ 4۔ چھ

169) ضمیر کی کتنی قسمیں ہیں؟

1۔ پانچ ✿ 2۔ دس 3۔ آٹھ 4۔ چودہ

170) ضمیر منصوب متصل کس سے متصل ہوتی ہیں؟

1۔ فعل سے 2۔ حرف مشبہ بالفعل سے 3۔ اسم سے 4۔ پہلے دونوں سے ✿

171) ضمیر منصوب متصل کس سے متصل ہوتی ہیں؟

1۔ فعل سے ✿ 2۔ حرف جر سے 3۔ اسم سے 4۔ آخری دونوں سے

172) مضارع، امر اور نہی کے کتنے صیغوں میں ضمیر وجوباً پوشیدہ ہوتی ہے؟

1۔ تین، تین ✿ 2۔ دو، دو 3۔ نو، نو 4۔ گیارہ، گیارہ

173) مضارع، امر اور نہی کے کتنے صیغوں میں ضمیر جوازاً پوشیدہ ہوتی ہے؟

1۔ تین، تین 2۔ چار، چار 3۔ دو، دو ✿ 4۔ نو

174) فعل ماضی کے کے کتنے صیغوں میں ضمیر جوازاً پوشیدہ ہوتی ہے؟

1۔ تین 2۔ چار 3۔ دو ✿ 4۔ نو

175) پوشیدہ ضمیروں کو کیا کہتے ہیں؟

1۔ مرفوع متصل مستتر ✿ 2۔ ضمیر منصوب متصل مستتر 3۔ ضمیر منصوب منفصل 4۔ کوئی نہیں

176) جو اسم، مبصر چیز کی طرف اشارے کے لیے وضع کیا گیا ہو اسے کیا کہتے ہیں؟

1۔اسم اشارہ ✿ 2۔اسم موصول 3۔ 4۔

177) اسم اشارہ سے کس چیز کی طرف اشارہ کیا جاتا ہے؟

1۔ مبصر ✿ 2۔ منصور 3۔ غیر مبصر 4۔ کوئی نہیں

178) اسم اشارہ سے جس چیز کی طرف اشارہ کیا جاتا ہے اسے کیا کہتے ہیں؟

1۔ مشار الیہ ✿ 2۔ مضاف الیہ 3۔ معطوف علیہ 4۔ کوئی نہیں

179) اسم اشارہ کی کتنی قسمیں ہیں؟

1۔ دو ✿ 2۔ پانچ 3۔ سات 4۔ آٹھ

180) اسم اشارہ للبعید وہ ہوتا ہے جس سے اشارہ کیا جاتا ہے۔۔

1۔ مشار الیہ قریب کی طرف 2۔ مشار الیہ بعید کی طرف ✿ 3۔ دونوں کی طرف 4۔ کسی کی طرف نہیں

181) اسم اشارہ للقریب ہوتا ہے جس سے اشارہ کیا جاتا ہے۔۔

1۔ مشار الیہ قریب کی طرف ✿ 2۔ مشار الیہ بعید کی طرف 3۔ دونوں کی طرف 4۔ کسی کی طرف نہیں

182) غیر عاقل کی جمع کی طرف اشارے کے لیے اسم اشارہ کیسا آئے گا؟

1۔ واحد مذکر 2۔ واحد مؤنث ✿ 3۔ جمع مذکر 4۔ جمع غیر عاقل

183) اسم اشارہ اور مشار الیہ کا کس میں برابر ہونا ضروری ہے؟

1۔ واحد تثنیہ جمع 2۔ مذکر مؤنث 3۔ تعریف و تنکیر 4۔ پہلے دونوں ✿

184) ھنا اور ھھنا کس کی طرف اشارے کے لیے استعمال ہوتے ہیں؟

1۔ قریب جگہ ✿ 2۔ قریب زمانہ 3۔ قریب شخص 4۔ بعید جگہ

185) ثم، ھناك، ھنالك کس کی طرف اشارے کے لیے استعمال ہوتے ہیں؟

1۔ قریب جگہ 2۔ قریب زمانہ 3۔ قریب شخص 4۔ بعید جگہ ✿

186) ذٰلك میں کاف کیا ہے؟

1۔ ضمیر مرفوع متصل 2۔ ضمیر منصوب متصل 3۔ حرف خطاب ✿ 4۔ کوئی نہیں

187) ذٰلك کا کاف کس کے مطابق ہو گا؟

1۔ مشار الیہ کے 2۔ مخاطب کے ✿ 3۔ متکلم کے 4۔ ایک جیسا رہے گا

188) جو اسم بعد والے جملے سے ملکر کلام کا جزء بنے اسے کیا کہتے ہیں؟

1۔ اسم شرط 2۔ اسم ظرف 3۔ اسم موصول ✿ 4۔ اسم استفہام

189) اسم موصول کے بعد والے جملے کو کیا کہتے ہیں؟

1۔ صلہ ✿ 2۔ مشار الیہ 3۔ مضاف الیہ 4۔ صدر صلہ

190) صلے میں موصول کے مطابق کیا ہونا ضروری ہے؟

1۔ اسم | 2۔ ضمیر ✿ | 3۔ اشارہ | 4۔ آخری دونوں

191) صلہ ہمیشہ کیا ہوتا ہے؟

1۔ اسم | 2۔ فعل | 3۔ جملہ ✿ | 4۔ کلمہ

192) عائد اگر صلے کے شروع میں ہو تو اسے کیا کہتے ہیں؟

1۔ مبتدا | 2۔ صدر صلہ ✿ | 3۔ ابتدائے صلہ | 4۔ اصلِ صلہ

193) اَیٌّ اور اَیَّۃٌ مضاف ہوں اور ان کا صدر صلہ محذوف ہو تو ان کو کیسے پڑھ سکتے ہیں؟

1۔ مبنی بر فتحہ | 2۔ مبنی بر کسرہ | 3۔ مبنی بر ضمہ ✿ | 4۔ مبنی بر سکون

194) اسم موصول اپنے صلہ سے ملکر کیا کیا بنتا ہے؟

1۔ فاعل | 2۔ نائب فاعل | 3۔ مبتدا | 4۔ تینوں بن سکتا ہے ✿

195) اسم موصول اپنے صلہ سے ملکر کیا کیا بنتا ہے؟

1۔ صفت | 2۔ مفعول | 3۔ خبر | 4۔ تینوں بن سکتا ہے ✿

196) جس اسم سے کسی چیز کے بارے میں سوال کیا جائے اسے کیا کہتے ہیں؟

1۔ اسم سوال | 2۔ اسم استفہام ✿ | 3۔ اسم شرط | 4۔ اسم موصول

197) اسم استفہام کے بعد ایسا فعل ہو جو اس میں عمل کر رہا ہو تو اسم استفہام ہو گا۔۔۔

1۔ محلاً مجرور | 2۔ محلاً منصوب ✿ | 3۔ محلاً مرفوع | 4۔ منصوب

198) اسم استفہام سے پہلے حرف جر یا مضاف ہو تو اسم استفہام ہو گا۔۔۔

1۔ محلاً مجرور ✿ | 2۔ محلاً منصوب | 3۔ محلاً مرفوع | 4۔ مجرور

199) اسم استفہام کے بعد نہ ایسا فعل ہو جو اس میں عمل کر رہا ہو، نہ اس سے پہلے حرف جر یا مضاف ہو تو اسم استفہام ہو گا۔۔۔

1۔ محلاً مجرور | 2۔ محلاً منصوب | 3۔ محلاً مرفوع ✿ | 4۔ مجرور

200) ہمزہ مفتوحہ اور ھل کیا ہیں؟

1۔ اسمائے استفہام | 2۔ حروف استفہام ✿ | 3۔ حروف شرط | 4۔ ان میں سے کوئی نہیں

201) جو اسم دو جملوں پر داخل ہو کر یہ ظاہر کرے کہ پہلا جملہ دوسرے کا سبب ہے وہ کیا کہلاتا ہے؟

1۔ اسم سبب | 2۔ اسم استفہام | 3۔ اسم شرط ✿ | 4۔ اسم موصول

202) اسم شرط کتنے جملوں پر داخل ہوتا ہے؟

1۔ دو ✿ | 2۔ تین | 3۔ چار | 4۔ پانچ

203) کتاب میں مذکور اسمائے شرط کتنے ہیں؟

1۔ آٹھ 2۔ دس 3۔ گیارہ ✿ 4۔ بارہ

204) کتاب میں مذکور اسمائے استفہام کتنے ہیں؟

1۔ آٹھ 2۔ دس 3۔ گیارہ ✿ 4۔ بارہ

205) اسمائے شرط کا اعراب کس کی طرح ہوتا ہے؟

1۔ اسم استفہام ✿ 2۔ اسم موصول 3۔ اسم ضمیر 4۔ اسم ظرف

206) اسم شرط کے بعد ایسا فعل ہو جو اس میں عمل کر رہا ہو تو اسم شرط ہو گا۔۔۔

1۔ منصوب 2۔ محلاً منصوب ✿ 3۔ محلاً مرفوع 4۔ محلاً مجرور

207) اسم شرط سے پہلے حرف جر یا مضاف ہو تو اسم شرط ہو گا۔۔۔

1۔ محلاً مجرور ✿ 2۔ محلاً منصوب 3۔ محلاً مرفوع 4۔ مجرور

208) اسم شرط کے بعد نہ ایسا فعل ہو جو اس میں عمل کر رہا ہو، نہ اس سے پہلے حرف جر یا مضاف ہو تو اسم شرط ہو گا۔۔۔

1۔ محلاً مجرور 2۔ محلاً منصوب 3۔ محلاً مرفوع ✿ 4۔ مجرور

209) اسمائے شرط اپنے شرط و جزا پر کیا عمل کرتے ہیں؟

1۔ جزم دیتے ہیں ✿ 2۔ جر دیتے ہیں 3۔ رفع دیتے ہیں 4۔ نصب دیتے ہیں

210) کون سے اسم شرط کا جزم دینا شاذ ہے؟

1۔ اذا 2۔ کیفما 3۔ دونوں ✿ 4۔ کوئی نہیں

211) حروف شرط کتنے ہیں؟

1۔ دو 2۔ تین ✿ 3۔ چار 4۔ پانچ

212) کون کون سے حروف شرط اپنی شرط و جزا کو جزم دیتے ہیں؟

1۔ اِنْ ✿ 2۔ لو 3۔ اما 4۔ تینوں

213) جو اسم وقت یا جگہ ظاہر کرے اسے کیا کہتے ہیں؟

1۔ اسم استفہام 2۔ اسم شرط 3۔ اسم ظرف ✿ 4۔ اسم موصول

214) وقت یا جگہ ظاہر کرنے کے لحاظ سے اسم ظرف کی کتنی قسمیں ہیں؟

1۔ دو ✿ 2۔ تین 3۔ چار 4۔ پانچ

215) جو اسم ظرف وقت ظاہر کرے اسے کیا کہتے ہیں؟

1۔ ظرف مکان 2۔ ظرف زمان ✿ 3۔ ظرف لغو 4۔ ظرف مستقر

216) جو اسم ظرف جگہ ظاہر کرے اسے کیا کہتے ہیں؟

1۔ ظرف مکان ✿ 2۔ ظرف زمان 3۔ ظرف لغو 4۔ ظرف مستقر

217) معرب اور مبنی ہونے کے لحاظ سے اسم ظرف کی کتنی قسمیں ہیں؟

1۔ دو ✿ 2۔ تین 3۔ چار 4۔ پانچ

218) جس اسم ظرف کا آخر بدلتا رہتا ہے اسے کیا کہتے ہیں؟

1۔ ظرف مبنی 2۔ ظرف معرب ✿ 3۔ ظرف محدود 4۔ ظرف غیر محدود

219) جس اسم ظرف کا آخر نہیں بدلتا اسے کیا کہتے ہیں؟

1۔ ظرف مبنی ✿ 2۔ ظرف معرب 3۔ ظرف محدود 4۔ ظرف غیر محدود

220) کون سے ظرف سے پہلے فِیْ لانا جائز ہے؟

1۔ ظرف مکان غیر محدود 2۔ ظرف زمان غیر محدود 3۔ ظرف زمان محدود ✿ 4۔ ظرف مکان محدود

221) کتاب میں مذکور ظروف مبنیہ کتنے ہیں؟

1۔ پندرہ ✿ 2۔ دس 3۔ گیارہ 4۔ بارہ

222) قبل، بعد، تحت، فوق وغیرہ اگر مضاف ہوں اور ان کا مضاف الیہ مذکور نہ ہو تو یہ کیا ہوں گے؟

1۔ مرفوع 2۔ منصوب 3۔ مجرور 4۔ مبنی ✿

223) قبل، بعد، تحت، فوق وغیرہ اگر مضاف نہ ہوں تو یہ ہوں گے۔۔۔

1۔ مبنی بر ضم 2۔ معرب ✿ 3۔ مجرور 4۔ مرفوع

224) قبل، بعد، تحت، فوق وغیرہ اگر مضاف ہوں اور ان کا مضاف الیہ بھی مذکور ہو تو یہ کیا ہوں گے؟

1۔ معرب ✿ 2۔ منصوب 3۔ مجرور 4۔ مبنی

225) لاغیر اور لیس غیر ہوتے ہیں۔۔۔

1۔ مبنی بر فتحہ 2۔ مبنی بر کسرہ 3۔ مبنی بر ضمہ ✿ 4۔ مبنی بر سکون

226) حسب کس معنی میں ہو تو مبنی بر ضم ہوتا ہے؟

1۔ لاغیر/ لیس غیر ✿ 2۔ مستثنیٰ 3۔ اسم استفہام 4۔ اسم موصول

227) جو اسم ظرف معرب کسی جملے کی طرف یا لفظ اِذْ کی طرف مضاف ہو اسے کیسے پڑھ سکتے ہیں؟

1۔ مبنی بر فتحہ ✿ 2۔ مبنی بر کسرہ 3۔ مبنی بر ضمہ 4۔ مبنی بر سکون

228) "مثل یا غیر" کے بعد مَا، اَنْ اور اِنَّ ہوں تو ان کو کیسے پڑھ سکتے ہیں؟

1۔ مبنی بر فتحہ ✿ 2۔ مبنی بر کسرہ 3۔ مبنی بر ضمہ 4۔ مبنی بر سکون

229) جس اسم معرب کے آخر میں کسرہ اور تنوین آتے ہیں اسے کیا کہتے ہیں؟

1۔ منصرف ✿ 2۔ غیر منصرف 3۔ مفرد 4۔ مرکب

230) جس اسم معرب کے آخر میں کسرہ اور تنوین نہیں آتے اسے کیا کہتے ہیں؟

1۔ منصرف　2۔ غیر منصرف ✿　3۔ مفرد　4۔ مرکب

231) وہ جمع جو منتہی الجموع کے صیغے پر ہو اور اس کے آخر میں ۃ نہ ہو، وہ ہوتا ہے۔۔۔

1۔ منصرف　2۔ غیر منصرف ✿　3۔ مفرد　4۔ مرکب

232) وہ اسم جس کے آخر میں الف مقصورہ یا الف ممدودہ ہو، وہ ہوتا ہے۔۔۔

1۔ منصرف　2۔ غیر منصرف ✿　3۔ مفرد　4۔ مرکب

233) وہ اسم عدد جو فُعال یا مَفعَل کے وزن پر ہو وہ ہوتا ہے۔۔۔

1۔ منصرف　2۔ غیر منصرف ✿　3۔ مفرد　4۔ مرکب

234) وہ عَلَم جو دو اسموں کو بغیر اضافت و اسناد کے ملا کر بنایا گیا ہو یا فُعَلُ یا اَفْعَلُ کے وزن پر ہو وہ ہوتا ہے۔۔۔

1۔ منصرف　2۔ غیر منصرف ✿　3۔ مفرد　4۔ مرکب

235) وہ عَلَم جس کے آخر میں ۃ یا الف نون زائدہ ہو وہ ہوتا ہے۔۔۔

1۔ منصرف　2۔ غیر منصرف ✿　3۔ مفرد　4۔ مرکب

236) وہ مؤنث عَلَم یا عجمی عَلَم جو تین حرف سے زائد ہو وہ ہوتا ہے۔۔۔

1۔ منصرف　2۔ غیر منصرف ✿　3۔ مفرد　4۔ مرکب

237) وہ مؤنث عَلَم یا عجمی عَلَم جو تین حرف سے زائد نہ ہو مگر اس کا درمیانی حرف متحرک ہو وہ ہوتا ہے۔۔۔

1۔ منصرف　2۔ غیر منصرف ✿　3۔ مفرد　4۔ مرکب

238) وہ صفت کا صیغہ جو اَفْعَلُ یا فَعلانُ کے وزن پر ہو وہ ہوتا ہے۔۔۔

1۔ منصرف　2۔ غیر منصرف ✿　3۔ مفرد　4۔ مرکب

239) غیر منصرف پر کسرہ کب پڑھ سکتے ہیں؟

1۔ جب الف لام آجائے　2۔ جب مضاف کر دیا جائے　3۔ جب موصوف ہو　4۔ پہلی دونوں صورتوں میں ✿

240) اسم معرب کے اعراب کتنے ہوتے ہیں؟

1۔ دو　2۔ تین ✿　3۔ چار　4۔ پانچ

241) اسم معرب کے اعراب کون کون سے ہیں؟

1۔ رفع نصب جر ✿　2۔ رفع نصب جزم　3۔ رفع نصب جر جزم　4۔ ان میں سے کوئی نہیں

242) اعراب کے لفظی، تقدیری، بالحرکت اور باللفظ ہونے کے اعتبار سے اسم معرب کی کتنی اقسام ہیں؟

1۔ دس　2۔ گیارہ　3۔ بارہ ✿　4۔ تیرہ

243) مفرد منصرف صحیح کی حالت رفعی کیسے آتی ہے؟

1۔ فتحہ سے　2۔ ضمہ سے ✿　3۔ کسرہ سے　4۔ جزم سے

244) مفرد منصرف صحیح کی حالت نصبی کیسے آتی ہے؟

1۔ فتحہ سے ✿ 2۔ ضمہ سے 3۔ کسرہ سے 4۔ جزم سے

245) مفرد منصرف صحیح کی حالت جری کیسے آتی ہے؟

1۔ فتحہ سے 2۔ ضمہ سے 3۔ کسرہ سے ✿ 4۔ جزم سے

246) قائم مقام صحیح کی حالت رفعی کیسے آتی ہے؟

1۔ فتحہ سے 2۔ ضمہ سے ✿ 3۔ کسرہ سے 4۔ جزم سے

247) قائم مقام صحیح کی حالت نصبی کیسے آتی ہے؟

1۔ فتحہ سے ✿ 2۔ ضمہ سے 3۔ کسرہ سے 4۔ جزم سے

248) قائم مقام صحیح کی حالت جری کیسے آتی ہے؟

1۔ فتحہ سے 2۔ ضمہ سے 3۔ کسرہ سے ✿ 4۔ جزم سے

249) جمع مکسر منصرف کی حالت رفعی کیسے آتی ہے؟

1۔ فتحہ سے 2۔ ضمہ سے ✿ 3۔ کسرہ سے 4۔ جزم سے

250) جمع مکسر منصرف کی حالت نصبی کیسے آتی ہے؟

1۔ فتحہ سے ✿ 2۔ ضمہ سے 3۔ کسرہ سے 4۔ جزم سے

251) جمع مکسر منصرف کی حالت جری کیسے آتی ہے؟

1۔ فتحہ سے 2۔ ضمہ سے 3۔ کسرہ سے ✿ 4۔ جزم سے

252) جمع مونث سالم کی حالت رفعی کیسے آتی ہے؟

1۔ فتحہ سے 2۔ ضمہ سے ✿ 3۔ کسرہ سے 4۔ جزم سے

253) جمع مونث سالم کی حالت نصبی کیسے آتی ہے؟

1۔ فتحہ سے 2۔ ضمہ سے 3۔ کسرہ سے ✿ 4۔ جزم سے

254) جمع مونث سالم کی حالت جری کیسے آتی ہے؟

1۔ فتحہ سے 2۔ ضمہ سے 3۔ کسرہ سے ✿ 4۔ جزم سے

255) غیر منصرف کی حالت رفعی کیسے آتی ہے؟

1۔ فتحہ سے 2۔ ضمہ سے ✿ 3۔ کسرہ سے 4۔ جزم سے

256) غیر منصرف کی حالت نصبی کیسے آتی ہے؟

1۔ فتحہ سے ✿ 2۔ ضمہ سے 3۔ کسرہ سے 4۔ جزم سے

257) غیر منصرف کی حالت جری کیسے آتی ہے؟

1۔ فتحہ سے ✿ | 2۔ ضمہ سے | 3۔ کسرہ سے | 4۔ جزم سے

258) اسم منقوص کی حالت رفعی کیسے آتی ہے؟

1۔ فتحہ سے | 2۔ ضمہ تقدیری سے ✿ | 3۔ کسرہ سے | 4۔ ضمہ لفظی سے

259) اسم منقوص کی حالت نصبی کیسے آتی ہے؟

1۔ فتحہ تقدیری سے | 2۔ فتحہ لفظی سے ✿ | 3۔ کسرہ سے | 4۔ ضمہ تقدیری سے

260) اسم منقوص کی حالت جری کیسے آتی ہے؟

1۔ فتحہ تقدیری سے | 2۔ فتحہ لفظی سے | 3۔ کسرہ تقدیری سے ✿ | 4۔ ضمہ تقدیری سے

261) اسم مقصور کی حالت رفعی کیسے آتی ہے؟

1۔ فتحہ سے | 2۔ ضمہ تقدیری سے ✿ | 3۔ کسرہ سے | 4۔ ضمہ لفظی سے

262) اسم مقصور کی حالت نصبی کیسے آتی ہے؟

1۔ فتحہ تقدیری سے ✿ | 2۔ فتحہ لفظی سے | 3۔ کسرہ سے | 4۔ ضمہ تقدیری سے

263) اسم مقصور کی حالت جری کیسے آتی ہے؟

1۔ فتحہ تقدیری سے | 2۔ فتحہ لفظی سے | 3۔ کسرہ تقدیری سے ✿ | 4۔ ضمہ تقدیری سے

264) مضاف الی الیاء کی حالت رفعی کیسے آتی ہے؟

1۔ فتحہ سے | 2۔ ضمہ تقدیری سے ✿ | 3۔ کسرہ سے | 4۔ ضمہ لفظی سے

265) مضاف الی الیاء کی حالت نصبی کیسے آتی ہے؟

1۔ فتحہ تقدیری سے ✿ | 2۔ فتحہ لفظی سے | 3۔ کسرہ سے | 4۔ ضمہ تقدیری سے

266) مضاف الی الیاء کی حالت جری کیسے آتی ہے؟

1۔ فتحہ تقدیری سے | 2۔ فتحہ لفظی سے | 3۔ کسرہ تقدیری سے ✿ | 4۔ ضمہ تقدیری سے

267) اسمائے ستہ کی حالت رفعی کیسے آتی ہے؟

1۔ الف سے | 2۔ واؤ سے ✿ | 3۔ ضمہ تقدیری سے | 4۔ ضمہ لفظی سے

268) اسمائے ستہ کی حالت نصبی کیسے آتی ہے؟

1۔ فتحہ لفظی سے | 2۔ الف سے ✿ | 3۔ فتحہ تقدیری سے | 4۔ واؤ سے

269) اسمائے ستہ کی حالت جری کیسے آتی ہے؟

1۔ کسرہ لفظی سے | 2۔ یا سے ✿ | 3۔ کسرہ تقدیری سے | 4۔ الف سے

270) تثنیہ، کلا، کلتا، اثنان، اثنتان کی حالت رفعی کیسے آتی ہے؟

1۔ الف سے ✿ | 2۔ واؤ سے | 3۔ ضمہ تقدیری سے | 4۔ ضمہ لفظی سے

271) تثنیہ، کلا، کلتا، اثنان، اثنتان کی حالت نصبی کیسے آتی ہے؟

1۔ کسرہ لفظی سے　2۔ یا ساکن ما قبل مفتوح سے ✿　3۔ کسرہ تقدیری سے　4۔ الف سے

272) تثنیہ، کلا، کلتا، اثنان، اثنتان کی حالت جری کیسے آتی ہے؟

1۔ کسرہ لفظی سے　2۔ یا ساکن ما قبل مفتوح سے ✿　3۔ کسرہ تقدیری سے　4۔ الف سے

273) جمع مذکر سالم، اولوا اور عشرون سے تسعون تک دہائیوں کی حالت رفعی کیسے آتی ہے؟

1۔ الف سے　2۔ واؤ ساکن ما قبل مضموم سے ✿　3۔ ضمہ تقدیری سے　4۔ ضمہ لفظی سے

274) جمع مذکر سالم، اولو اور عشرون سے تسعون تک دہائیوں کی حالت نصبی کیسے آتی ہے؟

1۔ کسرہ لفظی سے　2۔ یا ساکن ما قبل مکسور سے ✿　3۔ کسرہ تقدیری سے　4۔ الف سے

275) جمع مذکر سالم، اولو اور عشرون سے تسعون تک دہائیوں کی حالت جری کیسے آتی ہے؟

1۔ کسرہ لفظی سے　2۔ یا ساکن ما قبل مکسور سے ✿　3۔ کسرہ تقدیری سے　4۔ الف سے

276) جمع مذکر سالم جو یائے متکلم کی طرف مضاف ہو، اس کی حالت رفعی کیسے آتی ہے؟

1۔ واؤ تقدیری سے ✿　2۔ ضمہ تقدیری سے　3۔ کسرہ تقدیری سے　4۔ الف سے

277) جمع مذکر سالم جو یائے متکلم کی طرف مضاف ہو، اس کی حالت نصبی کیسے آتی ہے؟

1۔ الف سے　2۔ یائے لفظی سے ✿　3۔ کسرہ تقدیری سے　4۔ کسرہ لفظی سے

278) جمع مذکر سالم جو یائے متکلم کی طرف مضاف ہو، اس کی حالت جری کیسے آتی ہے؟

1۔ الف سے　2۔ یائے لفظی سے ✿　3۔ کسرہ تقدیری سے　4۔ کسرہ لفظی سے

279) اسمائے ستہ، جمع مذکر سالم، تثنیہ اور ان کے ملحقات کا اعراب کیسا ہوتا ہے؟

1۔ لفظی　2۔ تقدیری　3۔ بالحرکت　4۔ بالحرف ✿

280) اسمائے ستہ، جمع مذکر سالم، تثنیہ اور ان کے ملحقات کے علاوہ کا اعراب کیسا ہوتا ہے؟

1۔ لفظی　2۔ تقدیری　3۔ بالحرکت ✿　4۔ بالحرف

281) نواصب مضارع کتنے ہیں؟

1۔ دو　2۔ تین　3۔ چار ✿　4۔ پانچ

282) جوازم مضارع کتنے ہیں؟

1۔ دو　2۔ تین　3۔ چار　4۔ پانچ ✿

283) نواصب مضارع، فعل مضارع پر کیا عمل کرتے ہیں؟

1۔ جزم دیتے ہیں　2۔ نصب دیتے ہیں ✿　3۔ جر دیتے ہیں　4۔ رفع دیتے ہیں

284) جوازم مضارع، فعل مضارع پر کیا عمل کرتے ہیں؟

1۔ جزم دیتے ہیں ✿ 2۔ نصب دیتے ہیں 3۔ جر دیتے ہیں 4۔ رفع دیتے ہیں

285) اَنْ ناصبہ کا دوسرا نام ہے۔۔۔

1۔ اَنْ مصدریہ ✿ 2۔ اَنْ تفسیریہ 3۔ اَنْ جازمہ 4۔ اَنْ شرطیہ

286) فعل مضارع کے کتنے اعراب ہیں؟

1۔ دو 2۔ تین ✿ 3۔ چار 4۔ پانچ

287) فعل مضارع کے اعراب کون کون سے ہیں؟

1۔ رفع نصب جر 2۔ رفع نصب جزم ✿ 3۔ رفع نصب جر جزم 4۔ ان میں سے کوئی نہیں

288) وہ مضارع جس کے آخر میں نون اعرابی یا حرف علت نہ ہو اسے کیا کہتے ہیں؟

1۔ صحیح ✿ 2۔ ناقص واوی یائی 3۔ ناقص الفی 4۔ مضارع بانون اعرابی

289) وہ مضارع جس کے آخر میں نون اعرابی ہو اسے کیا کہتے ہیں؟

1۔ صحیح 2۔ ناقص واوی یائی 3۔ ناقص الفی 4۔ مضارع بانون اعرابی ✿

290) وہ مضارع جس کے آخر میں واؤ یا یاء ہو اسے کیا کہتے ہیں؟

1۔ صحیح 2۔ ناقص واوی یائی ✿ 3۔ ناقص الفی 4۔ مضارع بانون اعرابی

291) وہ مضارع جس کے آخر میں الف ہو اسے کیا کہتے ہیں؟

1۔ صحیح 2۔ ناقص واوی یائی 3۔ ناقص الفی ✿ 4۔ مضارع بانون اعرابی

292) فعل مضارع صحیح کی حالت رفعی کیسے آتی ہے؟

1۔ ضمہ ✿ 2۔ فتحہ 3۔ سکون 4۔ کسرہ

293) فعل مضارع صحیح کی حالت نصبی کیسے آتی ہے؟

1۔ ضمہ 2۔ فتحہ ✿ 3۔ سکون 4۔ کسرہ

294) فعل مضارع صحیح کی حالت جزمی کیسے آتی ہے؟

1۔ ضمہ 2۔ فتحہ 3۔ سکون ✿ 4۔ کسرہ

295) فعل مضارع ناقص واوی یا یائی کی حالت رفعی کیسے آتی ہے؟

1۔ ضمہ تقدیری ✿ 2۔ فتحہ لفظی 3۔ سکون 4۔ حذف آخر

296) فعل مضارع ناقص واوی یا یائی کی حالت نصبی کیسے آتی ہے؟

1۔ ضمہ تقدیری 2۔ فتحہ لفظی ✿ 3۔ سکون 4۔ حذف آخر

297) فعل مضارع ناقص واوی یا یائی کی حالت جزمی کیسے آتی ہے؟

1۔ ضمہ تقدیری 2۔ فتحہ لفظی 3۔ سکون 4۔ حذف آخر ✿

298) فعل مضارع ناقص الفی کی حالت رفعی کیسے آتی ہے؟
1۔ ضمہ تقدیری ✿ 2۔ فتحہ تقدیری 3۔ سکون 4۔ حذف آخر

299) فعل مضارع ناقص الفی کی حالت نصبی کیسے آتی ہے؟
1۔ ضمہ تقدیری 2۔ فتحہ تقدیری ✿ 3۔ سکون 4۔ حذف آخر

300) فعل مضارع ناقص الفی کی حالت جزمی کیسے آتی ہے؟
1۔ ضمہ تقدیری 2۔ فتحہ تقدیری 3۔ سکون 4۔ حذف آخر ✿

301) فعل مضارع بانون اعرابی کی حالت رفعی کیسے آتی ہے؟
1۔ ضمہ تقدیری 2۔ حذف نون 3۔ ثبوت نون ✿ 4۔ حذف آخر

302) فعل مضارع بانون اعرابی کی حالت نصبی کیسے آتی ہے؟
1۔ ضمہ تقدیری 2۔ حذف نون ✿ 3۔ ثبوت نون 4۔ حذف آخر

303) فعل مضارع بانون اعرابی کی حالت جزمی کیسے آتی ہے؟
1۔ ضمہ تقدیری 2۔ حذف نون ✿ 3۔ ثبوت نون 4۔ حذف آخر

304) حروف مشبہ بالفعل کتنے ہیں؟
1۔ سترہ 2۔ تین 3۔ پانچ 4۔ چھ ✿

305) حروف مشبہ بالفعل ہیں۔۔۔
1۔ اِنَّ، اَنَّ، کَاَنَّ 2۔ لٰکِنَّ، لَیتَ، لَعَلَّ 3۔ کَانَ، صَارَ، بَاتَ 4۔ پہلے دونوں ✿

306) حروف مشبہ بالفعل کس پر داخل ہوتے ہیں؟
1۔ جملہ اسمیہ پر ✿ 2۔ جملہ فعلیہ پر 3۔ جملہ انشائیہ پر 4۔ خبر پر

307) حروف مشبہ بالفعل کیا عمل کرتے ہیں؟
1۔ اسم کو رفع، خبر کو نصب 2۔ اسم کو نصب، خبر کو رفع ✿ 3۔ دونوں کو رفع 4۔ دونوں کو نصب

308) حروف مشبہ بالفعل کے داخل ہونے کے بعد مبتدا کو کیا کہتے ہیں؟
1۔ حروف مشبہ بالفعل کی خبر 2۔ اسم 3۔ حروف مشبہ بالفعل کا اسم ✿ 4۔ خبر

309) حروف مشبہ بالفعل کے داخل ہونے کے بعد خبر کو کیا کہتے ہیں؟
1۔ حروف مشبہ بالفعل کی خبر ✿ 2۔ اسم 3۔ حروف مشبہ بالفعل کا اسم 4۔ خبر

310) حروف مشبہ بالفعل کا اسم اور خبر ہو سکتا ہے۔۔۔
1۔ موصوف 2۔ مضاف 3۔ دونوں ✿ 4۔ دونوں نہیں

311) حروف مشبہ بالفعل پر آنے والی مَا جو ان کے عمل کو روک دیتی ہے اسے کیا کہتے ہیں؟

1۔ما مشابہ بلیس 2۔ما کافہ ✿ 3۔ما مصدریہ 4۔ما شرطیہ

312) حروف مشبہ بالفعل پر مَا کافہ آنے کے بعد کیا فرق پڑتا ہے؟

1۔انکے عمل کو روک دیتا ہے 2۔یہ فعل پر آسکتے ہیں 3۔دونوں درست ✿ 4۔کوئی فرق نہیں پڑتا

313) جملے کے شروع میں کیا پڑھا جاتا ہے؟

1۔اِنَّ ✿ 2۔اَنَّ 3۔دونوں جائز 4۔دونوں ناجائز

314) قَوْل یا اس کے مشتق لفظ کے بعد کیا پڑھا جاتا ہے؟

1۔اِنَّ ✿ 2۔اَنَّ 3۔دونوں جائز 4۔دونوں ناجائز

315) اسم موصول کے بعد کیا پڑھا جاتا ہے؟

1۔اِنَّ ✿ 2۔اَنَّ 3۔دونوں جائز 4۔دونوں ناجائز

316) عَلِمَ، شَهِدَ یا اس سے مشتق لفظ کے بعد، جبکہ خبر پر لام ہو تو کیا پڑھا جائے گا؟

1۔اِنَّ ✿ 2۔اَنَّ 3۔دونوں جائز 4۔دونوں ناجائز

317) جواب قسم کے شروع میں کیا پڑھا جائے گا؟

1۔اِنَّ ✿ 2۔اَنَّ 3۔دونوں جائز 4۔دونوں ناجائز

318) حروف تنبیہ اور حَيْثُ کے بعد کیا پڑھا جاتا ہے؟

1۔اِنَّ ✿ 2۔اَنَّ 3۔دونوں جائز 4۔دونوں ناجائز

319) جب ان اپنے اسم اور خبر سے ملکر فاعل بنے تو کیا پڑھا جائے گا؟

1۔اِنَّ 2۔اَنَّ ✿ 3۔دونوں جائز 4۔دونوں ناجائز

320) جب ان اپنے اسم اور خبر سے ملکر نائب فاعل بنے تو کیا پڑھا جائے گا؟

1۔اِنَّ 2۔اَنَّ ✿ 3۔دونوں جائز 4۔دونوں ناجائز

321) جب ان اپنے اسم اور خبر سے ملکر مفعول بنے تو کیا پڑھا جائے گا؟

1۔اِنَّ 2۔اَنَّ ✿ 3۔دونوں جائز 4۔دونوں ناجائز

322) جب ان اپنے اسم اور خبر سے ملکر مبتدا بنے تو کیا پڑھا جائے گا؟

1۔اِنَّ 2۔اَنَّ ✿ 3۔دونوں جائز 4۔دونوں ناجائز

323) جب ان اپنے اسم اور خبر سے ملکر مضاف الیہ بنے تو کیا پڑھا جائے گا؟

1۔اِنَّ 2۔اَنَّ ✿ 3۔دونوں جائز 4۔دونوں ناجائز

324) عَلِمَ، شَهِدَ یا اس سے مشتق لفظ کے بعد، جبکہ خبر پر لام نہ ہو تو کیا پڑھا جائے گا؟

1۔اِنَّ 2۔اَنَّ ✿ 3۔دونوں جائز 4۔دونوں ناجائز

325) حرف جر کے بعد کیا پڑھا جائے گا؟

1۔اِنَّ 2۔اَنَّ ✿ 3۔دونوں جائز 4۔دونوں ناجائز

326) لائے نفی جنس کیا کرتا ہے؟

1۔تمام افراد کی نفی 2۔حکم کی نفی 3۔تمام افراد سے حکم کی نفی ✿ 4۔بعض افراد سے حکم کی نفی

327) جو لاَ تمام افراد سے حکم کی نفی کرتا ہے وہ کیا کہلاتا ہے؟

1۔لامشابہ بلیس 2۔لائے نہی 3۔لائے نفی جنس ✿ 4۔لامِ جنس

328) لائے نفی جنس کس پر داخل ہوتے ہیں؟

1۔جملہ اسمیہ پر ✿ 2۔جملہ فعلیہ پر 3۔جملہ انشائیہ پر 4۔خبر پر

329) لائے نفی جنس کیا عمل کرتا ہے؟

1۔ہمیشہ اسم کو رفع، خبر کو نصب 2۔ہمیشہ اسم کو نصب، خبر کو رفع 3۔خبر کو رفع ✿ 4۔دونوں کو نصب

330) لائے نفی جنس کے داخل ہونے کے بعد مبتدا کو کیا کہتے ہیں؟

1۔لائے نفی جنس کی خبر 2۔اسم 3۔لائے نفی جنس کا اسم ✿ 4۔خبر

331) لائے نفی جنس کے داخل ہونے کے بعد خبر کو کیا کہتے ہیں؟

1۔لائے نفی جنس کی خبر ✿ 2۔اسم 3۔لائے نفی جنس کا اسم 4۔خبر

332) لائے نفی جنس کے اسم کی صورتیں ہیں؟

1۔مضاف ہو 2۔مشابہ مضاف ہو 3۔مفرد نکرہ ہو 4۔تینوں ✿

333) لائے نفی جنس کا اسم مضاف ہو تو یہ ہوتا ہے

1۔مبنی بر فتحہ 2۔مبنی بر ضمہ 3۔منصوب ✿ 4۔مرفوع

334) لائے نفی جنس کا اسم مشابہ مضاف ہو تو یہ ہوتا ہے۔۔۔

1۔مبنی بر فتحہ 2۔مبنی بر ضمہ 3۔منصوب ✿ 4۔مرفوع

335) لائے نفی جنس کا اسم مفرد نکرہ ہو تو یہ ہوتا ہے۔۔۔

1۔مبنی بر فتحہ ✿ 2۔مبنی بر ضمہ 3۔منصوب 4۔مرفوع

336) افعال ناقصہ کتنے ہیں؟

1۔دس 2۔گیارہ 3۔سترہ ✿ 4۔بیس

337) افعال ناقصہ ہیں۔۔

1۔اِنَّ، اَنَّ، کَاَنَّ 2۔لٰکِنَّ، لَیتَ، لَعَلَّ 3۔کَانَ، صَارَ، بَاتَ۔۔الخ ✿ 4۔پہلے دونوں

338) افعال ناقصہ کس پر داخل ہوتے ہیں؟

1۔ جملہ اسمیہ پر ✿ 2۔ جملہ فعلیہ پر 3۔ جملہ انشائیہ پر 4۔ خبر پر

339) افعال ناقصہ کیا عمل کرتے ہیں؟

1۔ اسم کو رفع، خبر کو نصب ✿ 2۔ اسم کو نصب، خبر کو رفع 3۔ دونوں کو رفع 4۔ دونوں کو نصب

340) افعال ناقصہ کے داخل ہونے کے بعد مبتدا کو کیا کہتے ہیں؟

1۔ افعال ناقصہ کی خبر 2۔ اسم 3۔ افعال ناقصہ کا اسم ✿ 4۔ خبر

341) افعال ناقصہ کے داخل ہونے کے بعد خبر کو کیا کہتے ہیں؟

1۔ افعال ناقصہ کی خبر ✿ 2۔ اسم 3۔ افعال ناقصہ کا اسم 4۔ خبر

342) افعال ناقصہ کی خبر ان افعال ناقصہ سے پہلے کب آسکتی ہے؟

1۔ ہمیشہ 2۔ کبھی نہیں 3۔ اگر اس کے شروع میں ما ہو 4۔ اگر اسکے شروع میں مَا نہ ہو ✿

343) فعل ناقص کے بعد ایسا اسم ہو جسے اس کا اسم بنایا جاسکتا ہو تو وہی اس کا اسم بنے گا ورنہ۔۔۔

1۔ خبر بنے گا 2۔ اس میں ضمیر اسم بنے گی ✿ 3۔ اس میں ضمیر خبر بنے گی 4۔ اس کا اسم محذوف ہو گا

344) لَیْسَ کی خبر کب مجرور ہوتی ہے؟

1۔ جب اس پر لام آجائے 2۔ جب اس پر واؤ آجائے 3۔ جب اس پر با آجائے ✿ 4۔ جب اس پر فا آجائے

345) لَیسَ کی خبر پر با آجائے تو خبر ہو جاتی ہے۔۔۔

1۔ لفظاً مجرور ✿ 2۔ محلاً مجرور 3۔ لفظاً مرفوع 4۔ لفظاً منصوب

346) مَا وَلَا مشابہ بِلَیْسَ کس پر داخل ہوتے ہیں؟

1۔ جملہ اسمیہ پر ✿ 2۔ جملہ فعلیہ پر 3۔ جملہ انشائیہ پر 4۔ خبر پر

347) مَا وَلَا مشابہ بِلَیْسَ یا عمل کرتے ہیں؟

1۔ اسم کو رفع، خبر کو نصب ✿ 2۔ اسم کو نصب، خبر کو رفع 3۔ دونوں کو رفع 4۔ دونوں کو نصب

348) مَا وَلَا مشابہ بِلَیْسَ کے داخل ہونے کے بعد مبتدا کو کیا کہتے ہیں؟

1۔ مَا وَلَا مشابہ بِلَیْسَ کی خبر 2۔ اسم 3۔ مَا وَلَا مشابہ بِلَیْسَ کا اسم ✿ 4۔ خبر

349) مَا وَلَا مشابہ بِلَیْسَ کے داخل ہونے کے بعد خبر کو کیا کہتے ہیں؟

1۔ مَا وَلَا مشابہ بِلَیْسَ کی خبر ✿ 2۔ اسم 3۔ مَا وَلَا مشابہ بِلَیْسَ کا اسم 4۔ خبر

350) لَا مشابہ بِلَیْسَ کس پر عمل کرتا ہے؟

1۔ نکرہ ✿ 2۔ معرفہ 3۔ دونوں 4۔ کسی پر نہیں

351) مَا مشابہ بِلَیْسَ کس پر عمل کرتا ہے؟

1۔ نکرہ 2۔ معرفہ 3۔ دونوں ✿ 4۔ کسی پر نہیں

352) کس کی خبر پر بَا آسکتی ہے؟

1۔ لَا مشابہ بِلَیْسَ　2۔ مَا مشابہ بِلَیْسَ　3۔ لَیْسَ　4۔ آخری دونوں ✿

353) کس کی خبر پر بَا نہیں آسکتی؟

1۔ لَا مشابہ بِلَیْسَ ✿　2۔ مَا مشابہ بِلَیْسَ　3۔ لَیْسَ　4۔ پہلے دونوں

354) مَا مشابہ بِلَیْسَ کی طرح استعمال ہوتا ہے۔۔۔

1۔ اَنْ　2۔ اِنْ ✿　3۔ اَنَّ　4۔ اِنَّ

355) مَا وَلَا مشابہ بِلَیْسَ کب عمل نہیں کرتے؟

1۔ خبر اسم سے پہلے آجائے　2۔ خبر سے پہلے اِلَّا آجائے　3۔ مَا کے اِنْ بعد آجائے　4۔ تینوں صورتوں میں ✿

356) فعل کے اپنے مصدر کو کیا کہتے ہیں؟

1۔ مفعول مطلق ✿　2۔ مفعول بہ　3۔ مفعول معہ　4۔ مفعول لہ

357) فعل کے ہم معنی مصدر کو کیا کہتے ہیں؟

1۔ مفعول مطلق ✿　2۔ مفعول بہ　3۔ مفعول معہ　4۔ مفعول لہ

358) مفعول مطلق کی کتنی قسمیں ہیں؟

1۔ دو　2۔ تین ✿　3۔ چار　4۔ کوئی قسم نہیں

359) مفعول مطلق کی قسمیں ہیں۔۔۔

1۔ نوعی　2۔ عددی　3۔ تاکیدی　4۔ تینوں ✿

360) مفعول مطلق نوعی کون سا ہوتا ہے؟

1۔ فِعْلَۃٌ کے وزن پر　2۔ مضاف ہو　3۔ موصوف ہو　4۔ تینوں ✿

361) مفعول مطلق عددی کون سا ہوتا ہے؟

1۔ فَعْلَۃٌ کے وزن پر، یا اسکا تثنیہ　2۔ اسم عدد جو مصدر یا مَرَّات کی طرف مضاف ہو　3۔ دونوں ✿　4۔ دونوں نہیں

362) مفعول مطلق تاکیدی کون سا ہوتا ہے؟

1۔ فِعْلَۃٌ کے وزن پر　2۔ فَعْلَۃٌ کے وزن پر　3۔ مفعول مطلق عددی و نوعی کے علاوہ ✿　4۔ پہلے دونوں

363) مفعول مطلق کا اعراب کیا ہوتا ہے؟

1۔ منصوب ✿　2۔ مجرور　3۔ مرفوع　4۔ بدلتا رہتا ہے